# خیبر ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ

## نوٹس برائے 70 واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ خیبر ٹوبیکو لمیٹڈ کے اراکین کا 70 واں سالانہ اجلاس بروز جمعہ مؤرخہ 24 اکتوبر 2025ء کو صبح 10:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع نوشہرہ روڈ مردان میں مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور:**

1. 30 جون 2025ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کی پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس بمعہ چیئرمین کی جائزہ رپورٹ اور ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کو وصول کرنا، زیر غور لانا اور اپنانا:
2. 30 جون 2026ء کو اختتام پذیر سال کے لئے آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اگلے سالانہ اجلاس عام تک میسرز یوسف عادل، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بطور کمپنی آڈیٹرز تقرری کی سفارش کی ہے۔
3. چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کو بروئے کار لانا۔

بحکم بورڈ

**پیر فرحان شاہ**
کمپنی سیکریٹری

لاہور: 01 اکتوبر، 2025ء

**مندرجات:**

**1. کتابوں کی بندش**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر Books مؤرخہ 17 اکتوبر 2025ء تا 25 اکتوبر 2025ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک B، S.M.C.H.S مرکزی شاہراہِ فیصل کراچی کو کا 16 اکتوبر 2025ء کو کاروبار بند ہونے تک باقاعدہ موصول ٹرانسفرز کو مذکورہ بالا اہلیت کے تعین کے لئے بروقت وصولی شمار کیا جائے گا۔

**2. سالانہ اجلاس عام میں شرکت**

اجلاس میں شرکت اور ووٹ کرنے کا اہل رکن ایک پراکسی مقرر کرسکتا ہے اور یہ پراکسی اس رکن کی جانب سے اجلاس میں شرکت، خطاب اور ووٹ کرنے کا مجاز ہوگا۔ پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر کمپنی سیکریٹری کو اجلاس کے انعقد سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے موصول ہوجانا چاہیئے۔

**.3 CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے ہدایات**

سنٹرل ڈیپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے میں رکھے جانے والے حصص کے حامل اراکین کی حاضری مندرجہ ذیل انداز کے مطابق ہوگی:

**a) اجلاس میں شرکت کے لئے**

سنٹرل ڈیپازیٹری کمپنی (CDC) اکاؤنٹ ہولڈرز کو اس بابت سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جاری کردہ مندرجہ ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا:

a) اجلاس میں شرکت کے لئے

.i فرد واحد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے تحت شائع کی گئی ہیں، کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنا اصلی کارآمد شناختی کارڈ یا اصلی پاسپورٹ پیش کر کے اپنی شناخت کرانا ہوگی۔

.iii کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارد/مختار نامہ بمعہ نامزد شخص کے نمونہ کے دستخط اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)

**b) پراکسیز کی تقرری کے لئے**

.i فرد واحد کی صورت میں مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز، جن کی تفصیلات ضوابط کے تحت شائع کی گئی ہوں، کو پراکسی فارم جمع کرنا ہوگا۔

.ii پراکسی فارم کی گواہی دو افراد دیں گے جن کے نام، پتے اور کارآمد شناختی کارڈ نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

.iii مستفید ہونے والے مالکان اور پراکسی کی کارآمد شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کی جائیں گی۔

.iv اجلاس کے موقع پر پراکسی اپنا اصلی کارآمد شناختی کارڈ یا اصلی پاسپورٹ پیش کرے گا۔

.iv کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ بمعہ نمونہ کے دستخط

پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو جمع کرانا ہوگا (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہے)۔

## 4. پتہ میں تبدیلی

اپنے پتہ میں تبدیلی کی صورت میں اراکین سے التماس ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک S.M.C.H.S ،B مرکزی شاہراہِ فیصل کراچی کو فی الفور اطلاع کریں۔

## 5. کھاتوں کی ویب سائٹ پر اشاعت/کاغذی نقل کا حصول

30 جون 2025ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کی مالیاتی اسٹیٹمنٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کر دی گئی ہیں جنہیں www.khybertobacco.com سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ سالانہ کھاتوں کی کاغذی نقل حاصل کرنے کے خواہشمند اراکین کمپنی سیکریٹری کو درخواست دے سکتے ہیں اور اُن سے مذکورہ نقل حاصل کر سکتے ہیں۔

## 6. برقی ذرائع سے سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی ترسیل

کمپنی قوانین سالانہ پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس بمعہ رپورٹس اور سالانہ اجلاس عام کا نوٹس اپنے اراکین کو برقی انداز میں فراہم کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ یہ سہولت حاصل کرنے کے خواہشمند اراکین کمپنی کے ای میل ایڈریس info@khybertobacco.com پر اپنے ای میل ایڈریس بھیج سکتے ہیں۔

## 7. بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت

اگر کمپنی اجلاس کی تاریخ انعقاد سے 10 یوم قبل جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر 10% یا زائد شیئر ہولڈنگ کے مالک اراکین سے وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی درخواست موصول کرے تو کمپنی وڈیو کانفرنس سہولت کا بندوبست کرے گی۔ درخواست فارم کا متن کمپنی کی مذکورہ بالا ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔